# 13-09-2025 URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

۱۔تلنگانہ کے وزیر آبپاشی کیپٹن اتم کمار ریڈی نے دریائے کرشنا کے پانی کے تنازعہ میں تلنگانہ کے مفادات کے تحفظ کے عزم کا اعادہ کیا۔

۲۔ریاستی وزیر آبکاری جوپلی کرشنا راؤ نے متعلقہ عہدیداروں کو ہدایت دی کہ گانجہ، منشیات، نقلی شراب اور بغیر ڈیوٹی والی شراب سے متعلق جرائم کے خلاف آہنی پنجہ سے نمٹا جائے۔

۳۔لوک سبھا اسپیکر اوم برلا کل آندھرا پردیش کے تروپتی میں منعقد ہونے والی دو روزہ قومی کانفرنس کا افتتاح کریں گے۔

اور

۴۔تلنگانہ کے عادل آباد، نظام آباد، نرمل، سدی پیٹ اور رنگا ریڈی اضلاع میں آج کہیں کہیں شدید سے بہت شدید بارش کا امکان ہے۔

TRAFFIC

حیدرآباد پولیس نے پرانے شہر میں ٹریفک کی مناسب نگرانی اور ضابطہ کیلئے عید میلا دالنبیؐ کے جلوس کے سلسلہ میں اتوار کو ٹریفک کے رخ کو موڑنے کا اعلان کیا ہے۔صبح 8 بجے سے رات 8 بجے تک ٹریفک کے رخ کو موڑ دیا جائے گا۔ جلوس فلک نما سے والٹا ہوٹل، چار مینار، درگاہ حضرت یحییٰ پاشاہؒ اور دیگر علاقوں سے گزرے گا۔ٹریفک کو ضرورت کے مطابق کچھ مقامات پر روکا یا موڑا جائے گا۔ جوائنٹ کمشنر آف پولیس (ٹریفک) ڈی جوئیل ڈیوس نے شہریوں سے اپیل کی کہ وہ ان مقامات اور راستوں سے گریز کریں اور متبادل راستوں کا استعمال کریں۔

HYDRAA:

حیدرا کے عہدیداروں نے آج رنگا ریڈی ضلع کے شمس آباد میں سروے نمبر 217 کی 12 ایکڑ اراضی پر تعمیر کی گئی غیر مجاز عمارتوں کو منہدم کردیا۔ یہ اراضی 2011 میں حکومت کی جانب سے انٹرمیڈیٹ بورڈ کو دی گئی تھی۔ حکام نے بتایا کہ ایک نجی تعمیری کمپنی نے حال ہی میں اس اراضی پر غیر مجاز قبضہ کر کے تعمیری کام شروع کیا تھا۔ شکایت موصول ہونے پر حیدرا نے کارروائی کرتے ہوئے پولیس کی موجودگی میں ان غیر مجاز تعمیرات کو منہدم کردیا۔

MAHESH KUMAR GOUD

تلنگانہ پردیش کانگریس کمیٹی کے صدر مہیش کمار گوڑ نے آج سابق وزیر اور بی آر ایس کے کارگزار صدر کے تارک راما راؤ سے مطالبہ کیا کہ وہ ایم ایل سی کویتا کے بی جے پی اور بی آر ایس کے درمیان سمجھوتے سے متعلق بیانات کا جواب دیں۔ مہیش کمار گوڑ نے میڈیا کو بتایا کہ بی آر ایس کے ارکان پارلیمان نے نائب صدر کے انتخاب میں حصہ نہ لیتے ہوئے بی جے پی کو فائدہ پہنچایا تاکہ کالیشورم پراجیکٹ کی سی بی آئی تحقیقات سے بچ سکیں۔ انہوں نے کہا کہ دونوں جماعتوں میں مفاہمت ہونے والی ہے۔ انہوں نے یاد دلایا کہ کویتا پہلے ہی بی آر ایس اور بی جے پی کے انضمام کا دعویٰ کرچکی ہیں۔

SURRENDER

جوگولامبا گدوال ضلع کی انتہائی شدت سے مطلوب ماونواز لیڈر سجا تا اکا عرف پی کلپنا نے آج تلنگانہ پولیس کے سامنے خودسپردگی اختیار کرلی۔ مفرور ماونواز کمانڈر سجا تا اکا، سی پی آئی (ماونواز) کے مقتول لیڈر کشور جی کی اہلیہ ہیں۔ 60 سالہ سجا تا اکا سی پی آئی کی مرکزی کمیٹی کی رکن ہیں اور چھتیس گڑھ کے بستر ریجن کے ساتھ سب زونل بیورو کی انچارج ہیں۔ ان کے سر پر ایک کروڑ روپے انعام مقرر تھا۔ سجا تا اکا نے کم عمری میں ماونوازوں کی تحریک میں شمولیت اختیار کی اور 1984 میں کشور جی سے شادی کی۔ وہ 106 مقدمات میں مطلوب تھیں۔

WEATHER:

تلنگانہ کے عادل آباد، نظام آباد، نرمل، سدی پیٹ اور رنگاریڈی اضلاع میں آج کہیں کہیں شدید سے بہت شدید بارش کا امکان ہے۔محکمہ موسمیات نے نارنجی الرٹ جاری کیا ہے۔ کمرم بھیم آصف آباد، منچریال، نلگنڈہ، سوریہ پیٹ، حیدرآباد، میڑچل ملکاجگری، وقارآب اد، سنگاریڈی، میدک، کاماریڈی اور ناگرکرنول اضلاع میں بھی شدید بارش کا امکان ہے۔ان اضلاع کے لئے زردالرٹ جاری کیا گیا ہے۔تیز ہواؤں اور بجلی کے ساتھ گرج چمک کے امکانات بھی ریاست تلنگانہ کے تمام اضلاع میں ظاہر کئے گئے ہیں۔

ARREST:

حیدرآباد کے کوکٹ پلی علاقہ میں ایک گھریلو خاتون کے قتل کے سلسلہ میں دو گھریلو ملازمین اوران کے ایک ساتھی کو سائبرآباد پولیس نے گرفتار کیا ہے۔ یہ واردات رواں ہفتہ انجام دی گئی تھی۔ملزمین جرم کے بعد جھارکھنڈ فرار ہوگئے تھے لیکن کل رانچی میں پکڑے گئے۔ پولیس نے ملزمین کی شناخت ہرش کمار اور روشن سنگھ کے طور پر کی ہے جو اپارٹمنٹ کمپلیکس میں گھریلو ملازم تھے، جبکہ ان کے ساتھی راجو ورما پر الزام ہے کہ اس نے انہیں پناہ دی۔مقتولہ 50 سالہ رینو کا اگروال تھیں کو 10 ستمبر کو ان کے فلیٹ میں قتل کیا گیا۔پولیس کے مطابق ملزمین سے سونا، 16 گھڑیاں اور دو موبائل فون برآمد ہوئے ہیں۔

UTTAM

تلنگانہ کے وزیر آبپاشی کیپٹن اتم کمار ریڈی نے دریائے کرشنا کے پانی کے تنازعہ میں تلنگانہ کے مفادات کے تحفظ کے عزم کا اعادہ کیا۔انہوں نے کہا کہ ریاست کے حصہ کا ایک قطرہ پانی بھی ضائع نہیں ہونے دیا جائے گا۔ وزیر موصوف نے کہا کہ کرشنا کے پانی کو آبپاشی، پینے اور صنعتی ضروریات کے لئے زیادہ سے زیادہ استعمال کو یقینی بنانے کے اقدامات کئے جارہے ہیں۔ وزیر نے جل سدھا میں سپریم کورٹ

کے سینئر وکیل سی ایس ویدیناتھن اور قانونی و تکنیکی ماہرین کے ایک وفد کے ساتھ اعلیٰ سطحی جائزہ اجلاس کی صدارت کی۔ یہ اجلاس دہلی میں 23 سے 25 ستمبر کو منعقد ہونے والی کرشنا واٹر ڈس پیوٹس ٹریبونل کی سماعت کے سلسلہ میں ہوا۔ اتم کمار ریڈی نے کہا کہ تلنگانہ کو اپنا کیس وضاحت اور عزم کے ساتھ پیش کرنا چاہیئے۔ وزیر نے زور دے کر کہا کہ کرشنا کے قابل اعتماد پانی میں سے 811 ٹی ایم سی میں تلنگانہ کا 71 فیصد حصہ منصفانہ اصولوں کی بنیاد پر ہے۔

JUPALLY:

ریاستی وزیر آبکاری جوپلی کرشنا راؤ نے متعلقہ عہدیداروں کو ہدایت دی کہ گانجہ، منشیات، نقلی شراب اور بغیر ڈیوٹی والی شراب سے متعلق جرائم کے خلاف آہنی پنجہ سے نمٹا جائے۔ آج حیدرآباد میں ریاستی و ضلعی ٹاسک فورس ٹیموں کے اجلاس کے بعد خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ ضرورت پڑنے پر حکومت ان ٹیموں کو اسلحہ فراہم کرنے کے لئے تیار ہے۔ وزیر موصوف نے کہا کہ منتخبہ عہدیداروں کو اسلحہ چلانے کی تربیت دی جائے گی۔ انہوں نے عہدیداروں کو ہدایت دی کہ وہ گانجہ کے ساتھ ساتھ نقلی منشیات کی تیاری، فروخت، ترسیل اور استعمال پر بھی مکمل توجہ دیں۔ وزیر نے مشورہ دیا کہ ناچارم اور چرلہ پلی جیسے علاقوں میں معائنوں کے لئے مناسب طریقہ کار تیار کیا جائے تاکہ اسمگلروں کے خلاف کارروائی کی جاسکے۔ انہوں نے خالی پڑی رائس ملوں اور دیگر مقامات کی مسلسل نگرانی کی بھی ہدایت دی۔ اس موقع پر ایکسائز کمشنر سی ہری کرن اور انفورسمنٹ ڈائرکٹر شاہنواز قاسم موجود تھے۔

YOUTH DIALOGUE:

مرکزی وزیر برائے امورِ نوجوانان و کھیل ڈاکٹر منسکھ منڈاویا نے کہا کہ وکست بھارت ینگ ڈائیلاگ لیڈر نوجوان قیادت کی جمہوریت کی ایک بہترین مثال ہے جو وژن کو آواز میں اور آواز کو اثر میں بدل رہا ہے۔ آج دہلی میں وکست بھارت ینگ لیڈرز ڈائیلاگ 2026 سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ یہ مذاکرہ جو کل شروع ہوا تھا، اگلے ماہ 15 تاریخ کو مکمل ہوگا۔

COFERENCE:

لوک سبھا اسپیکر اوم برلا کل آندھرا پردیش کے تروپتی میں منعقد ہونے والی دوروزہ قومی کانفرنس کا افتتاح کریں گے۔ یہ کانفرنس پارلیمنٹ اور ریاستی و مرکزی زیر انتظام علاقوں کی قانون ساز اسمبلیوں کی خواتین کو بااختیار بنانے کی کمیٹی کی جانب سے منعقد کی جارہی ہے۔اس اجلاس میں راجیہ سبھا کے ڈپٹی چیرمین ہری ونش، آندھرا پردیش کے گورنر ایس عبدالنذیر، وزیر اعلیٰ این چندرابابو نائیڈو اور کئی دیگر قائدین شرکت کریں گے۔آندھرا پردیش قانون ساز اسمبلی کے سکریٹری جنرل پرسنا کمار سوریا دیورا نے ایک سرکاری بیان میں کہا کہ افتتاحی اور اختتامی اجلاس کی صدارت لوک سبھا اسپیکر کریں گے۔

AMRITH SAROVAR:

مرکزی حکومت نے کہا ہے کہ امرت سرو ور مشن کے تحت اب تک 68 ہزار سے زائد تالاب بنائے جا چکے ہیں۔ یہ مشن وزیر اعظم نریندر مودی نے اپریل 2022 میں شروع کیا تھا،جس کا مقصد ہر ضلع میں 75 امرت سرو ور ( تالاب ) تعمیر یا از سر نو بحال کرنا تھا۔اس ہفتے نئ دہلی میں وزارت دیہی ترقی کی جانب سے امرت سرو ور پر قومی ورکشاپ منعقد کیا گیا،جس کا ایجنڈا اس مشن کی تکنیکی بنیادوں کو مضبوط بنانے اور امرت سرو ورز کو پائیدار،عوامی شراکت داری پر مبنی مراکز میں تبدیل کرنے پر مرکوز تھا۔

CM

وزیر اعلیٰ اے ریونت ریڈی نے کہا کہ ڈاکٹر بی رام کرشنا راؤ ریاست حیدرآباد کے پہلے وزیر اعلیٰ کی حیثیت سے ایک یادگار شخصیت تھے۔ایک کثیر اللسان شخصیت، جدوجہد آزادی کے مجاہد اور ماہر سیاست کے طور پر انہوں نے ریاست کی جو خدمات انجام دیں ان کو فراموش نہیں کیا جاسکتا۔وزیر اعلیٰ نے ان کی برسی کے موقع پر کہا کہ رام کرشنا راؤ نے ونوبا بھاوے کی بھودان تحریک کو قانونی جواز فراہم کرتے ہوئے اراضی اصلاحات کی بنیاد رکھی۔ان کی سیاست، عدلیہ سے متعلق ان کی بصیرت اور عوام سے ان کی

وابستگی آج کی نسل کے لیے ایک مثالی نمونہ ہے۔انہوں نے مزید کہا کہ کرشناراؤ نے صرف سیاسی میدان ہی نہیں بلکہ سماجی وثقافتی شعبوں میں بھی نمایاں خدمات انجام دی ہیں۔

LOK ADALAT

راجنا سرسلہ ضلع کی پرنسپل جج نیرجا نے عوام پر زور دیا کہ وہ لوک عدالت کی خدمات سے استفادہ کریں تاکہ مقدمات کا جلد تصفیہ ہوسکے۔انہوں نے راجنا سرسلہ ضلع میں لوک عدالت کا افتتاح کرنے کے بعد کہا کہ عدالتوں کے چکر کاٹنے کے بجائے لوک عدالت سے استفادہ کی ضرورت ہے۔

GROUP-II

تلنگانہ پبلک سروس کمیشن کے گروپ II خدمات کیلئے منتخب امیدواروں کے اسناد کی جانچ کا آج سے آغاز ہوا۔ایس پرتاپ ریڈی تلگو یونیورسٹی میں اس عمل کا آغاز ہوا۔جانچ کا عمل پیر کو بھی جاری رہے گا۔

NATIONAL LOK ADALA

نیشنل لوک عدالت ریاست بھر میں ہائی کورٹ سے تعلقہ کی سطح تک منعقد کی گئی۔تمام طرح کے دیوانی اور قابل جرمانہ دیوانی فوجداری معاملات کے علاوہ زیرالتوا معاملات کی اس کے ذریعہ یکسوئی ہوئی۔لوک عدالت میں بغیر کسی فیس کے خدمات انجام دی جارہی ہے۔

Sound Byte.

OO